کرایا۔ یہ کتاب اس کی بازگشت ہے۔ ہمسایوں کے حقوق کی نگہداشت کرنے اور خدمت خلق کے جذبے کو بروئے کار لانے کی ایک کوشش اور ایک کاوش ہے۔ زندگی کے گوناگوں تجربوں کی بنا پر آنے والی نسلوں کے لیے چودھری صاحب جو کچھ کہنا چاہتے تھے۔ انہوں نے ''زندگی'' میں کہہ دیا ہے۔ زندگی کے نئے مسافروں کے لیے یہ کتاب بہترین رہنما ہوسکتی ہے۔ عمر رسیدہ احباب کے لیے بھی اس کے بعض ابواب عمر رفتہ کی شیریں یادیا آئندہ کا ہولناک تصور ہوسکتے ہیں۔ چودھری صاحب مرحوم کو دنیا سے روٹھے ساٹھ برس سے اوپر ہو رہے ہیں مگر ان کی تصنیف ''زندگی'' آج بھی زندہ وجاوید ہے۔ مقدمہ چراغ حسن حسرت کا تحریر کردہ ہے۔ ''المیزان'' نے یہ کتاب نئی سج دھج کے ساتھ شائع کی ہے۔ پرنٹنگ، کاغذ، ٹائٹل معیاری ہیں اور قیمت بہت زیادہ مناسب۔

- کتاب: توبہ کے احکامات مصنف: مولانا فضل الرحمٰن رشیدی

ضخامت: ۳۴۸صفحات قیمت: ۱۴۰روپے ناشر: دارالکتاب' کتاب مارکیٹ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

انسان خطا کا پتلا ہے۔ عقل کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ نے انسان میں حیوانیت بھی رکھ دی ہے۔ اس کی آزمائش اور امتحان کے لیے کہ وہ گمراہی سے بچنے کی کتنی کوشش کرتا ہے۔ آنحضورﷺ کا ارشاد ہے:

''تم سب خطا کار ہو اور بہترین خطا کار توبہ کرنے والا ہے۔''

زیر تبصرہ کتاب میں مصنف نے توبہ کے موضوع پر بہت سے مفید مضامین یکجا کر دیئے ہیں۔ اصلاحِ عمل، اللہ تعالیٰ کی خوشنودی، نبی کریمﷺ کی محبت اور فکرِ آخرت کا جذبہ بیدار ہوتا ہے۔

- کتاب: کاروانِ معیشت مصنف: لیوہیوبرمین مترجم: نجم الدین شکیب

ضخامت: ۴۵۲صفحات قیمت: ۲۵۰روپے ناشر: دارالکتاب اردو بازار لاہور

لیوہیوبرمین کی شہرہ آفاق کتاب ''مینز ورڈلی گڈس'' ۱۹۳۷ء میں شائع ہوئی تھی۔ ہندوستان میں اس کا پہلا ایڈیشن ۱۹۴۶ء اور دوسرا ایڈیشن ۱۹۴۸ء میں چھپا۔ ''کاروان معیشت'' اس دوسرے ایڈیشن کا ترجمہ ہے۔ مصنف نے جاگیرداری زمانے سے لے کر ۱۹۳۷ء تک کے معاشی حالات کا تاریخی ارتقاء کی روشنی میں مطالعہ کیا ہے اور جاگیرداری نظام کی ابتدا سے لے کر سرمایہ داری نظام کی ابتدا تک کے معاشی حالات کا جائزہ لیا ہے۔ مصنف نے ان تمام معاشی نظریات کے اخلاص کی بھی جانچ کی ہے جو عالم انسانیت کی معاشی فلاح کے لیے وجود میں آتے رہتے ہیں۔ اس نے ان کو بھی تاریخی حالات کی کسوٹی پر کسا اور ان کے کھوٹے اور کھرے ہونے کا پتہ لگایا ہے۔ ٹائٹل، جلد، کاغذ، چھپائی معیاری ہیں۔

(تبصرہ: ابوالادیب)